امیر تنظیم
شجاع الدین شیخ

بانی تنظیم:
ڈاکٹر اسرار احمدؒ

**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**21جولائی2023ء**

# پریس ریلیز

## آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن قبول کرنا خود کو سامراجی قوتوں کی غلامی میں دینا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** آئی ایم ایف کی ڈکٹیشن قبول کرنا خود کو سامراجی قوتوں کی غلامی میں دینا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومتِ پاکستان کا 3 ارب ڈالر کے سودی قرض کو حاصل کرنے کے لیے آئی ایم ایف کی سخت ترین شرائط کو بے چون وچرا تسلیم کر لینا قومی سلامتی کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ دنیا گواہ ہے کہ آئی ایم ایف عالمی مالیاتی استعمار کا ایک ایسا آلہ ہے جسے مغربی ممالک ترقی پذیر ممالک کو معاشی طور پر مفلوج اور معذور کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے گذشتہ 22 پروگراموں کی وجہ سے معیشت کی مکمل تباہی اور عام آدمی کی زندگی اجیرن کرنے کے علاوہ کیا پایا ہے۔ بدقسمتی سے ہماری اسٹیبلشمنٹ اور اپوزیشن بھی اس حوالے سے ایک پیج پر ہیں۔ پھر یہ کہ حکومت کو یہ فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ پاکستان ایک اسلامی ایٹمی ملک ہے جس کے باعث وہ طاغوتی قوتوں کو بُری طرح کھٹکتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ قطع نظر اس کے کہ IMF کی شرائط کس قدر سخت ہیں حقیقت یہ ہے کہ ملک کو معاشی غلامی اور عالمی مالیاتی استعمار کی جکڑ بندیوں اور سودی قرضوں کے وبال سے نجات دلانے کے لیے عملی اقدامات اُٹھانا ہوں گے کیونکہ ایک اسلامی نظریاتی ریاست میں سودی قرضے کی کوئی گنجائش نہیں۔ پاکستان اسلام کی بنیاد پر قائم ہونے والی ایک ریاست ہے اور ہمارا آئین بھی اس بات کا متقاضی ہے کہ جلد از جلد اللہ اور رسول ﷺ سے جاری اس جنگ کو ختم کیا جائے تاکہ اللہ کی رحمتیں ہمارے ملک پر نازل ہوں۔ اگرچہ یہ ایک مشکل اور سخت فیصلہ ہے لیکن صرف اسی سے پاکستان کی بقاء اور سلامتی کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ
بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد

تنظیم اسلامی

# TANZEEM-E-ISLAMI

**<u>PRESS RELEASE</u>: Friday 21 July 2023**

## "Consenting to the dictation of IMF is synonymous to approving the slavery of imperial powers."

**Lahore (PR): "Consenting to the dictation of IMF is synonymous to approving the slavery of imperial powers."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer lamented that the fact that the government of Pakistan has consented to the extremely harsh conditions of IMF for the USD 3 billion riba-based loan could present itself as a clear and present danger for the national security of Pakistan. The world is testament to the fact that the IMF is an instrument of global imperialism that is used by rich and powerful Western nations to sabotage and paralyze the weak developing nations. The question is that what has Pakistan achieved from the previous 22 programs of IMF except for the total devastation of the economy and making the life of the masses miserable. It is unfortunate that our establishment and opposition, too, are on the same page on this issue. Our government must not forget that the malevolent powers of the world see the Islamic nuclear state of Pakistan as a thorn in their sides. The Ameer remarked that notwithstanding the tough IMF conditions, practical steps must be taken to rid our country from the clutches of the forces of global imperialism and the menace of riba-based loans because Pakistan is an Islamic ideological state and there can be no place for riba-based borrowing in our country. Pakistan is a state created on the basis of Islam and our constitution, too, demands that we promptly stop this war that we are waging against Allah *(SWT)* and His messenger *(SAAW)* so that Pakistan could receive the blessings and mercy of Allah *(SWT)*. Although it may appear to be a difficult and taxing decision, yet it is the only way to ensure the salvation and security of Pakistan.

**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**